**16.03.2025**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ

Music

............................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت صرف غیر جانبدار ہی نہیں بلکہ امن کے تئیں مکمل طور پر عہد بند ہے۔ انہوں نے پاکستان کو افرا تفری کا عالمی مرکز قرار دیا اور اسلام آباد پر زور دیا کہ دہشت گردی کی اعانت کرنا بند کردے۔

☆ نیوزی لینڈ کے وزیر اعظم Christopher Luxon، بھارت کے پانچ روزہ دورے پر نئی دلّی پہنچ گئے ہیں۔ دونوں ملکوں نے آزاد تجارتی معاہدے کے مذاکرات کا آغاز کیا۔

☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آسام میں بوڈو لینڈ کی ترقی کے تئیں مرکز کے عہد کا اعادہ کیا ہے۔ انہوں نے شمال مشرقی ریاستوں میں تین نئے فوجداری قوانین کے نفاذ سے متعلق گواہاٹی میں ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔

☆ انتہائی مطلوب لشکر طیبہ کے دہشت گرد اور26/11 کے اصل سرغنہ حافظ سعید کے قریبی ساتھی ابو قتال کو پاکستان میں نامعلوم حملہ آوروں نے گولی مار کر ہلاک کردیا۔

☆ شمالی میسڈونیا کے ایک نائٹ کلب میں لگی آگ میں کم سے کم 59 افراد ہلاک اور155 سے زیادہ زخمی ہوگئے

☆ اور...... بھارت نے 8 سونے کے تمغے سمیت 33 تمغوں کے ساتھ اٹلی میں خصوصی اولمپک عالمی ونٹر گیمز کا دورہ مکمل کرلیا ہے۔

............................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

**PM Podcast**

وزیر اعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ جب کبھی بھارت امن کی بات کرتا ہے تو دنیا اُس کی بات دھیان سے سنتی ہے کیونکہ بھارت گوتم بودھ اور مہاتما گاندھی کی سرزمین ہے۔ AI محقق اور امریکہ میں مقیم Podcastor، لیکس Fridman کے ساتھ ایک Podcast انٹرویو میں جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ بھارت غیر جانبدار ہی نہیں بلکہ امن کے تئیں مکمل طور پر عہد بند ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی عوام، ہم آہنگی کے

قائل اور امن کے علمبردار ہیں۔ روس–یوکرین تصادم سے متعلق ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے جناب مودی نے زور دیا کہ اِس تصادم کا حل، صرف اسی وقت نکلے گا، جب دونوں ملک مذاکرات کی میز پر یکجا ہوں گے۔

2100- PM- Ukraine

پاکستان کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے کہا کہ تقسیم کے بعد پاکستان نے ایک ہم آہنگ بقائے باہم کی پرورش کرنے کا انتخاب نہیں کیا بلکہ بھارت کے خلاف درپردہ جنگ پھیلانے کا راستہ اختیار کیا۔ انہوں نے سوال کیا کہ خونریزی کرنے اور دہشت گردی پھیلانے کی کیا منطق ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ بھارت مسلسل، پاکستان پر زور دیتا رہا ہے کہ وہ دہشت گردی کی اعانت کرنا ترک کردے۔

2100- PM- Indo-PaK

جناب مودی نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ امن کی ہر کوشش کا نتیجہ عداوت اور دشمنی کی صورت میں ظاہر ہوا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ پاکستان، عقلمندی سے کام لے گا۔

انہوں نے یہ بات کہتے ہوئے کہ پاکستان کے عوام استحکام چاہتے ہیں، امید ظاہر کی کہ وہ امن کی راہ کا انتخاب کرے گا۔ بھارت–چین تعلقات سے متعلق جناب مودی نے واضح کیا کہ دونوں ملکوں نے ساتھ مل کر کسی نہ کسی طریقے سے عالمی بہتری کیلئے کام کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پچھلی صدیوں میں بھارت اور چین کے درمیان کا تصادم کی کوئی تاریخ موجود نہیں ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ بھارت اور چین کے درمیان مستحکم تعلقات مستقبل میں جاری رہیں گے۔ جناب مودی نے واضح کیا کہ پڑوسی ملکوں کے درمیان اختلافات ضرور ہوتے ہیں نیز وقتی غیر اتفاقی تو پیش آتی ہی ہے۔

2100- PM - China

وزیر اعظم نے دنیا کی سب سے بڑی سیاسی پارٹیوں میں سے ایک پارٹی ہونے پر فخر کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ 2024 کے عام انتخابات کیلئے 98 کروڑ اندراج شدہ رائے دہندگان تھے، جو کہ تعداد میں شمالی امریکہ کی مجموعی آبادی سے دوگنا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بھارت میں 2ہزار 500سیاسی پارٹیاں ہیں، جبکہ 900سے زیادہ چوبیس گھنٹے خبریں فراہم کرنے والے چینلز ہیں۔ جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ یہ سب، اپنے اپنے طریقے سے جمہوریت کی بالادستی قائم رکھنے میں اپنا رول ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ بھارت کے انتخابی کمیشن نے آزادانہ اور شفاف انتخابات کا انعقاد کرانے کیلئے عالمی پیمانے پر ایک مثال قائم کی ہے۔ x

## PM Raisina Dialogue

وزیر اعظم نریندر مودی کل نئی دلّی میں رائے سینا مذاکرات 2025 کے دسویں ایڈیشن کا افتتاح کریں گے۔ نیوزیلینڈ کے وزیر اعظم بھی ابتدائی اجلاس میں مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کریں گے نیز کلیدی خطاب کریں گے۔ اِس سال تین روزہ مذاکرات کا موضوع ہے ''کال چکر–عوام، امن اور کرۂ ارض''۔ تین ہزار 500سے زیادہ شرکاء شخصی طور پر مذاکرات میں شرکت کریں گے اور اِس کی کارروائیاں لاکھوں افراد مختلف ڈیجیٹل پلیٹ فارمس پر دنیا بھر میں دیکھیں گے۔ جو لوگ اِس عالمی تقریب میں شرکت کیلئے آئے ہیں، اُن میں کیوبا کے نائب وزیر اعظم

Eduardo Martinez Diaz، گھانا کے وزیر خارجہ Samuel Okudzeto Ablakwa، لگزمبرگ کے نائب وزیر اعظم Xavier Bettel اور سلوانیہ کے خارجی اور یوروپی امور کے وزیر Tanja Fajon شامل ہیں۔

## New Zealand PM Visit

نیو زیلینڈ کے وزیر اعظم Christopher Luxon بھارت کے پانچ دن کے دورے پر آج تیسرے پہر نئی دلّی پہنچ گئے ہیں۔ اُن کے ہمراہ اعلیٰ سطح کا ایک وفد بھی ہے، جس میں وزراء ، سینئر عہدیداران، سرکردہ کاروباری افراد، میڈیا اور وہاں مقیم بھارت نژاد برادری کے افراد شامل ہیں۔

ہوائی اڈّے پر وزیراعظم Luxon کا خیرمقدم ماہی گیری، مویشی پروری اور ڈیری کے وزیر مملکت پروفیسر ایس پی سنگھ بگھیل نے کیا۔ وزارتِ خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کل نیو زیلینڈ کے اپنے ہم منصب کے ساتھ بات چیت کریں گے، جس میں بھارت– نیو زیلینڈ تعلق کے مختلف پہلوؤں کا احاطہ کیا جائے گا۔ وہ راشٹرپتی بھون جاکر صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو سے بھی ملاقات بھی کریں گے۔x

## India New Zealand FTA

بھارت اور نیوزی لینڈ نے ایک جامع اور باہمی فائدے کے آزاد تجارتی معاہدے FTA کے مذاکرات کے آغاز کا اعلان کیا ہے۔ آج نئی دلّی میں مرکزی وزیر تجارت و صنعت پیوش گوئل اور نیوزی لینڈ کے وزیر تجارت وسرمایہ کاری Todd McCaly کے درمیان ہوئی میٹنگ سے اس اہم قدم کی نشاندہی ہوتی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب گوئل نے کہا کہ یہ دوطرفہ تعلقات میں ایک اہم سنگ میل ہے جو دونوں ملکوں کے دریان تجارتی تعلقات کو مستحکم کرنے اور اقتصادی مواقع کو وسعت دینے کے مشترکہ وژن کی عکاسی کرتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ باہمی تجارت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے اور اپریل 2024اور جنوری 2025 کی مدت کے دوران یہ ایک ارب ڈالر سے تجاوز کر گیا ہے۔پیش ہے ایک رپورٹ

VC- Anand/ Suparna

ایف ٹی اے مذاکرات کا مقصد کاروبار اور صارفین کیلئے نئے مواقع پیدا کرنا ہے جس سے بھارت اور نیوزی لینڈ کی باہمی ترقی اور خوشحالی کو فروغ حاصل ہوگا۔ مذاکرات کا مقصد سپلائی چین کے انضمام اور بازار تک رسائی کو بہتر بناتے ہوئے متوازن نتائج حاصل کرنا ہے۔

یہ سنگ میل ایک مضبوط اقتصادی شراکت داری، لکچداری اور خوشحالی کو فروغ دینے کے مشترکہ وژن کی عکاسی کرتا ہے۔ بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان دیرینہ شراکت داری ہے، جس کی بنیاد مشترکہ جمہوری اقدار، عوام کے درمیان مضبوط تعلقات اور اقتصادی ہم آہنگی پر رکھی گئی ہے۔ دونوں ملکوں نے تجارت اور سرمایہ کاری پر مشتمل اپنے دو طرفہ تعلقات کی تعمیر کیلئے مسلسل کام کیا ہے۔

آنند کمار اور سُپرنا سائیکا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اصغر علی

## Amit Shah Assam

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے بوڈو لینڈ کی ترقی کے تئیں مرکز کے عہد کا ایک بار پھر اعادہ کیا ہے۔ جناب شاہ آج تیسرے پہر کوکرا جھارضلع میں Dotma کے مقام پر آل بوڈو اسٹوڈینٹس یونین کی 57ویں سالانہ کانفرنس میں مہمان خصوصی کے طور پر خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ بوڈو معاہدے کی 82فیصد شقوں کو نافذ کردیا گیا ہے جبکہ باقی ماندہ پر دو سال کے اندر اندر عملدرآمد کیا جائے گا۔ وزیرموصوف نے بوڈو لینڈ علاقائی خطے کو، تشدد سے دوچار علاقے سے ایک پُرامن اور ترقی مرکوز خطے میں تبدیل کرنے کو اجاگر کیا۔ انھوں نے نوجوانوں کو اصل دھارے کے ساتھ مربوط کرنے، اور اُنھیں اپنی توجہ ترقی پر مرکوز کرنے کا سہرا وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت کو دیا۔

مرکزی وزیر موصوف نے اعلان کیا کہ جلد ہی دلّی میں ایک سڑک کا نام سرکردہ سماجی کارکن اور آل بوڈو اسٹوڈینٹس یونین کے سابق صدر اُپیندر ناتھ برہما کے نام پر رکھا جائے گا۔ علاوہ ازیں، شہر میں اُن کا ایک مجسمہ بھی نصب کیا جائے گا۔x

## Bihar Pradhan

مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے پٹنہ ضلع کے داناپور علاقے میں ایک غریب گھرانے سے تعلق رکھنے والی ہونہار طالبہ خوشبو کماری کی حمایت کا عہد کیا ہے۔ ڈاکٹر بننے کا خواب دیکھنے والی خوشبو کے والدین نے مالی مشکلات کی وجہ سے اس کا داخلہ آرٹس اسٹریم میں کرا دیا تھا۔ ایک میڈیا انٹرویو میں اس کی حالت زار کے وائرل ہونے کے بعد مرکزی وزیر کو مداخلت کرنی پڑی۔ آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے خوشبو نے کہا کہ مرکزی وزیر کی یقین دہانی کے بعد اس کی امیدیں پھر سے جاگ اٹھی ہیں۔ اس نے کہا کہ اس کے اسکول کا زمانہ بھی بہت دشواریوں سے گزرا کیونکہ Hetanpur دیارا گاؤں کا علاقہ گنگا ندی سے گھرا ہے اور کئی مہینوں تک سیلاب کی زد میں رہتا ہے۔

## Space - X - Crew 10 Mission

ارب پتی Elon Musk اسپیس ایکس Dragon کا عملہ، بھارتی وقت کے مطابق آج صبح گیارہ بجکر پانچ منٹ پر خلائی اسٹیشن اور خلائی جہاز کے درمیان دروازہ کھلنے کے کچھ وقت بعد ہی بین الاقوامی خلائی اسٹیشن، ISS میں داخل ہوگیا ہے۔انہیں مہم 72کے عملے کے افراد نے خوش آمدید کہا، جن میں ناسا کی خلاباز بھارتی امریکن سنیتا ولیمز شامل ہیں۔ اس مشن کے ساتھ، سنیتا ولیمز اور Butch Wilmore زمین سے محض ایک قدم کے فاصلے پر ہیں اور وہ نو مہینے تک مدار میں رہنے کے بعد جلد ہی واپس گھر لوٹنے والے ہیں۔ Wilmore اور ولیمز نے شروع میں اُس وقت ایک ہفتے کے مشن کی منصوبہ بندی کی تھی، جب انھوں نے بوئنگ پر سوار ہوکر پہلی خلائی پرواز کا آغاز کیا تھا۔x

### Abu Qatal - Killed

لشکر طیبہ کے دہشت گرد ابوقتال، جو قتال سندھی کے نام سے بھی جانا جاتا تھا، پاکستان کے جھیلم سندھ خطے میں مارا گیا ہے۔ اسے گزشتہ رات نامعلوم حملہ آوروں نے گولی مار کر ہلاک کردیا تھا۔ ابو قتال ایک انتہائی مطلوب دہشت گرد تھا، جو جموں و کشمیر میں ہونے والے متعدد حملوں کی منصوبہ بندی میں بھی شامل تھا۔ وہ 26/11 ممبئی دہشت گردانہ حملے کے سرغنہ حافظ سعید کا قریبی ساتھی تھا اور پیپلز Anti-Fascist فورس PAFF اور Resistant فورس TRF نامی ذیلی دہشت گردانہ تنظیموں کی قیادت کرنے میں بھی ملوث تھا۔x

### Pakistan Army Attacked

پاکستان میں صوبہ بلوچستان کے Noshki کے مقام پر N-40 شاہراہ پر فرنٹیئر Constabulary ایف سی کے فوجیوں کو لے جانے والی ایک بس پر کی گئی زبردست گولی باری میں کم از کم 12 پاکستانی فوجی ہلاک اور 26 سے زیادہ زخمی ہوگئے۔ BLA نے اس فوجی قافلے پر جان لیوا حملے کی ذمہ داری قبول کی ہے اور دعویٰ کیا ہے کہ ابھی تک فوجی عملے کے کم سے کم 90 افراد کو ہلاک کیا جاچکا ہے۔ BLA کے اِس حالیہ دعوے پر ابھی تک پاکستانی حکام نے کوئی ردعمل ظاہر نہیں کیا ہے۔x

### China Pak Submarine

چین نے پاکستان کو جدید ترین ہتھیاروں اور سینسروں سے لیس ایک دوسری نئی آبدوز فراہم کی ہے جو کہ اس کے کُل موسمیاتی ساتھی کی بحریہ کی بحیرۂ عرب اور بحیرۂ ہند میں بڑھتی ہوئی موجودگی کو مستحکم کرنے کی اُس کی کوششوں کا ایک حصہ ہے۔ یہ چین کی جانب سے گذشتہ چند برسوں میں پاکستان کو چار جدید بحری جہاز فراہم کرنے میں ایک اور اضافہ ہے، جو کہ پاکستان کی بحریہ کی قوت کو مستحکم کرنے کی اُس کی کوششوں کا حصہ ہے۔ بیجنگ میں سرکاری میڈیا نے کہا کہ یہ Hangor-Class آبدوز، پاکستان کو اِسی طرح کی آٹھ آبدوز فراہم کرنے کا ایک حصہ ہے جو کہ تقریباً پانچ ارب امریکی ڈالر کے ایک معاہدے کے مطابق ہے۔ اس کا آغاز چین کے Hubei صوبے کے Wuhan میں کیا گیا تھا۔x

### Rev. Macedonia Fire

شمالی Macedonia میں آج صبح سویرے Kocani قصبے کے ایک نائٹ کلب میں شدید آگ لگنے سے کم سے کم 59 افراد ہلاک اور 155 سے زیادہ زخمی ہوگئے۔ میڈیا کی خبروں کے مطابق کم سے کم ایک ہزار 500 افراد اس کلب میں ایک Duo Hip-Hop مقبول بینڈ DNK کے ایک کنسرٹ دیکھ رہے تھے۔ وزیر داخلہ Pance Toskovski نے بتایا کہ ابتدائی رپورٹوں کے مطابق یہ آگ پائروٹیکنک آلات میں ہوئے اِسپارک کی وجہ سے شروع ہوئی۔ انھوں نے کہا کہ اِس کے بعد یہ آگ چھت میں لگ گئی جو آتش گیر مادّے سے بنی ہوئی تھی۔ بعد میں یہ آگ پورے کلب میں پھیل گئی۔ انھوں نے بتایا کہ اِس واقعے کے سلسلے میں کچھ گرفتاریاں کی گئی

ہیں۔وزیر اعظم Hristijan Mickoski نے سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں کہا کہ سرکار پوری طور پر حرکت میں آگئی ہے اور اِس آگ سے ہونے والے نقصانات سے نمٹنے کیلئے ہر ضروری اقدامات کرے گی نیز اِس المیے کے پیش آنے کی وجہ کا پتہ لگائے گی۔ انھوں نے اِسے ملک کیلئے ایک انتہائی مشکل اور غمگین دن قرار دیا جس میں بہت سے نوجوانوں نے اپنی جانیں گنواں دی ہیں۔ Kocani میں اسپتال کی جانب سے ابتدائی طور پر 90افراد کو داخل کرنے کی رپورٹ ملی ہے جن میں سے بہت سے آگ سے شدید طور پر زخمی ہیں۔ زخمیوں میں سے کچھ کو مزید علاج کیلئے Skopje کے اسپتال میں منتقل کردیا گیا ہے۔x

## Winter Games

بھارتی کھلاڑیوں نے اٹلی کے ٹیورِن میں خصوصی اولمپک عالمی ونٹر گیمز میں سونے کے 8، چاندی کے 18 اور کانسے کے 7 تمغوں سمیت 33 تمغے حاصل کرکے اپنی مہم مکمل کرلی۔ کل آخری دن بھارت نے 9 تمغے حاصل کیے۔ یہ خصوصی اولمپک ونٹر گیمز کا بارھواں ایڈیشن تھا، جو 8سال کے طویل انتظار کے بعد منعقد ہوا ہے۔ ایسا پہلی مرتبہ ہوا ہے کہ اٹلی نے خصوصی اولمپک عالمی گیمز کی میزبانی بھی کی ہے۔ x

## Master League T-20

بین الاقوامی ماسٹرز لیگ ٹی–ٹوینٹی کرکٹ میں رائے پور میں شہید ویر نارائن سنگھ بین الاقوامی اسٹیڈیم میں برائن لارا کی قیادت والی ویسٹ انڈیز ماسٹرز، سچن تیندولکر کی قیادت والی انڈیا ماسٹرز کے خلاف کھیلتے ہوئے آخری خبریں ملنے تک 20 اوورز میں 7 وکٹ پر 148رن بنالئے تھے۔

اس سے پہلے ویسٹ انڈیز ماسٹرز نے ٹاس جیتا اور بلے بازی کا فیصلہ کیا۔ پہلے سیمی فائنل میں انڈین ماسٹرز نے آسٹریلین ماسٹرز کو 94رنوں سے ہرایا تھا۔ جبکہ دوسرے سیمی فائنل میں ویسٹ انڈیز ماسٹرز نے سری لنکا ماسٹرز کو 6رنوں سے شکست دی تھی۔x

☆☆☆☆☆☆